Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر [illegible] مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۴ شوال المکرم ۱۳۵۵ھ مطابق ۱۹ دسمبر ۱۹۳۶ء جلد [illegible]

حصہ اول و دوم

احکام عالی مرتبت منسٹر صاحبان و سکریٹری صاحبان بہادر

۱	حکم اجلاس عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر	۲	۵	احکام اجلاس عالی مرتبت صاحب منسٹر بہادر تعلیمات و امور عامہ	۵
۲	،، ،، ،، صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر	۳	۶	فہرست مقدمات عدالۃ العالیہ ہائیکورٹ	۶
۳	،، ،، ،، صاحب ریونیو منسٹر بہادر	،،	۷	متفرق احکام سکریٹری صاحبان بہادر	۷ و ۸
۴	احکام اجلاس عالی مرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس	۴			

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

حکم اجلاس عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

ترجمہ حکم

تخمینہ اخراجات حج بابت سنہ ۱۹۳۶ء مطابق سنہ ۱۳۵۵ھ
(مجوزہ حکومت ہندوستان) موجودہ شرح تبادلہ کو مدنظر
رکھتے ہوئے اس سال حج کے لئے کم از کم مبلغ پانچسو پچاس
روپیہ کی ضرورت ہوگی۔ اگرچہ مندرجہ بالا رقم میں مدینہ طیبہ
کی زیارت کا خرچ بھی شامل ہے لیکن سمندر میں حاجی کو
عرشہ جہاز پر اور ارض مقدس حجاز میں اونٹ پر سفر کرنا ہوگا۔
اگر کوئی حاجی نسبتاً اعلیٰ طرز رہائش اختیار کرنا چاہتا ہے
تو اوس کو مزید سرمایہ کی ضرورت ہوگی۔
سونے کی گرانی سے چونکہ شرح تبادلہ پر اثر پڑ سکتا ہو
لہذا حجاج کو ہدایت کی جاتی ہے کہ ہر حاجی کو اپنے ہمراہ ــــ
خواہ وہ کیسا ہی جفاکش کیوں نہ ہو ــــ مبلغ پانچسو
ساٹھ روپیہ سے کم ہرگز نہ لینا چاہیئے۔
درجہ دوم کے مسافر کا خرچ بمبئی سے مبلغ گیارہ سو ستر روپیہ
اور کراچی سے مبلغ گیارہ سو چھیالیس روپیہ ہے
درجہ اول کے مسافر کو از راہ بمبئی مبلغ سترہ سو چھبیس روپیہ
اور از راہ کراچی مبلغ سترہ سو روپیہ درکار ہونگے۔
اسوقت شرح تبادلہ بائیس روپیہ چھ آنہ یا ایکسو دس
پیاسٹر مصری بحساب فی پونڈ ہے۔

بغرض اطلاع عام درج گزٹ کیا جائے۔ ۱۱؍ دسمبر سنہ ۱۹۳۶ء
دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

مسئلہ ودی وظیفہ

۲۶ نومبر ۱۹۳۶ء

سلامت اللہ خاں طالب علم ایف اے مسلم یونیورسٹی علیگڑھ اور معظم علیخاں طالبعلم فرسٹ ایر کلاس کرسچن کالج لکھنؤ تعلیم ترک کرکے رامپور آگئے ہیں اسلئے یکم نومبر ۱۹۳۶ء سے جو دس دس روپیہ ماہوار وظیفہ جو بطور امداد تعلیم دیا جاتا تھا بند کیا جانا منظور ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدارت احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر

تقرر

۱۳ دسمبر ۱۹۳۶ء

مثل رپورٹ ایگزیکیٹو انجینیر صاحب بہادر دربارہ حصول حکم منظوری تقرر سید محمد شریف سابق [illegible] بعہدہ [illegible] پبلک ورکس ڈپارٹمنٹ [illegible] منظور شدہ اساسی اجلاس عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر ذریعہ حکم ۳۳۹ مورخہ ۲۰ نومبر ۱۹۳۶ء

حکم

یکم دسمبر ۱۹۳۶ء سے منشی سید محمد شریف کا تقرر بطور [illegible] بمشاہرہ [illegible] ماہوار منظور ہے فائنانس ڈپارٹمنٹ کو تقرر مذکور سے اتفاق ہے

صدارت سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر

احکام اجلاس عالی مرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس

تعیناتی

منشی عبد الواحد خاں صاحب سب انسپکٹر واپس آمدہ ٹریننگ اسکول کو بکار افسری تھانہ شاہ آباد تعینات کیا جاتا ہے۔ احکام اجرا ہوں درج آرڈر بک خاص ہو مجمع سرکاری کو بھی اطلاع دیجائے۔ المرقوم ۱۵؍ دسمبر ۱۹۳۶ء

دستخط عالی مرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس

رخصت

۱۵؍ دسمبر ۱۹۳۶ء

درخواست منشی اشفاق النبی خانصاحب سب انسپکٹر انچارج تھانہ بلاسپور بابت عطائے رخصت رعایتی ایک ماہ ملاحظہ ہوکر

حکم ہوا کہ

ایک ماہ کی رعایتی رخصت ۲۰؍ دسمبر ۱۹۳۶ء سے منظور ہے۔ منشی سعید علاء الحق صاحب سب انسپکٹر دویم شاہ آباد سے تھانہ بلاسپور بعوض قائم مقام سب انسپکٹر انچارج بزمانہ رخصت سب انسپکٹر صاحب انچارج بلاسپور تعینات کئے جاتے ہیں احکام اجرا ہوں۔ درج آرڈر بک خاص ہو۔ ایک نقل برائے اندراج گزٹ مجمع کو مرسل ہو۔

دستخط عالی مرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس

۱۵؍ دسمبر ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۱۲؍ اکتوبر ۱۹۳۶ء میں تجویز منظوری ٹریننگ تین کس برائے عہدہ سب انسپکٹر پولیس بمقام پولیس ٹریننگ اسکول مرادآباد پیش ہوکر منظور ہو چکی ہے۔ آج کمیٹی انتخاب امیدواران میں بالاتفاق رائے مندرجہ ذیل امیدواران باشندہ ریاست رامپور کو برائے ٹریننگ عہدہ سب انسپکٹر پولیس منتخب کیا کمیٹی میں عالی مرتبت منسٹر انچارج بہادر پی ڈبلیو ڈی و تعلیم و عالی مرتبت صاحب آئی جی منسٹر بہادر ہمارے شریک رائے تھے منتخب شدہ امیدواران کو ۱۰؍ جنوری ۱۹۳۷ء سے بمقام مرادآباد پولیس ٹریننگ اسکول عہدہ سب انسپکٹر پولیس کی ٹریننگ دلائی جانا منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ فائنینس آفس کو اطلاع دیجاوے۔

۱۔ عظمت علی خاں خلف منشی رشید علی خانصاحب۔ نائب انسپکٹر یو پی پولیس باشندہ ریاست رامپور۔

۲۔ محمود علی کانسٹبل پولیس گریڈ اول۔ پولیس ریاست رامپور۔

۳۔ گوپی ناتھ ورما خلف منشی لال صاحب باشندہ ریاست رامپور۔

دستخط عالی مرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس

حکم اجلاس عالی مرتبت جناب منسٹر بہادر تعلیمات و امور عامہ

منیجر صاحب مطبع کے پاس بھیجو۔ مندرجہ ذیل اعلان گزٹ آئندہ میں طبع کر دیا جائے۔

(دستخط عالی مرتبت منسٹر بہادر تعلیمات و امور عامہ)

اعلان

طالبات خورشید گرلس سکول کو کار سوزن و کار چوب اور موزہ بنیان بننے کا کام سکھانے کے لئے ایک معلمہ کی ضرورت ہے۔ عـــہ روپیہ ماہوار تنخواہ دیجائے گی۔ درخواستیں ۸ر دسمبر ۱۹۳۶ء تک دفتر خورشید گرلس سکول میں آنی چاہئیں۔

فہرست مقدمات عدالت العالیہ ہائی کورٹ رامپور

فہرست مقدمات منفصلہ جو پیشی میں مجلس کی پیش ہوئے از ۱۱ تا ۱۷ دسمبر ۱۹۳۶ء جو عدالت ہٰذا سے ہوئی بغرض اشاعت گزٹ بحضور سکرٹری کو مرسل ہو

۱۵ دسمبر ۱۹۳۶ء

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
۱۱ دسمبر	جمعہ	تعطیل جمعہ			
۱۲ "	شنبہ	عالی مرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر	بابو رام بنام منی لال	درخواست اپیل متعلق بشمولیت	آج درخواست بلا پیشی ہوکر حکم ہوا کہ اصل اپیل ۱۹ دسمبر کو پیش ہو
"	"	مسٹر جسٹس ارشاد اللہ خاں صاحب بہادر	سکھ رہبا بنام نوبت وغیرہ	نگرانی فوجداری بجرم دفعہ ۲۶/۴۰ قانون ابکاری	بانتظار آمد وارنٹ منتقہ بتاریخ ۲۱ دسمبر ۳۶ء پیش ہو۔
"	"	" " ارشاد اللہ خاں صاحب بہادر	" " چپا گھوسی	ابتدائیہ بجرم دفعہ ...	[illegible]
"	"	" محمود شاہ خاں صاحب بہادر	مسماۃ چپ دئی بنام منو	اپیل دیوانی بدعوی ...	[illegible]
۱۳ دسمبر	یکشنبہ	" " "	رام سروپ بنام مطلب الدین خاں	" " تخلیہ مکان	بحث وکیل اپیلانٹ ختم ہوئی ... ختم ہوگیا ... ۲۹ دسمبر کو پیش ہو
"	"	" ارشاد اللہ خاں صاحب بہادر	سکھ رہبا بنام ... وغیرہ	ابتدائیہ بجرم دفعہ ۳۰۲	... ۲۳ جنوری ۱۹۳۶ء کو پیش ہو۔
"	"	"	جیکم سنگھ بنام حبا مجید وغیرہ	اپیل دیوانی بدعوی تقسیم ...	اپیل منظور ہوکر تجویز و ڈگری عدالت ماتحت منسوخ ہو ... تقسیم مکان ڈگری ہو
"	"	" صاحب چیف جسٹس بہادر	... بنام حسن ...	نگرانی دیوانی ...	... ۱۹ دسمبر کو پیش ہو۔
۱۴ "	دوشنبہ	تعطیل بوجہ تخت نشینی کنگ معظم شہنشاہ جارج ششم	.	.	.
۱۵ "	سہ شنبہ	عالی مرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر	جوکن بنام سرکار بہادر	نگرانی فوجداری بجرم دفعہ ۳۰۲ ت	زیر تجویز
"	"	" مسٹر جسٹس ارشاد اللہ خاں صاحب بہادر	دیبی سنگھ بنام بھگوان پرشاد	اپیل دوم دیوانی بدعوی تخلیہ اراضی	اپیل نامنظور ہو
"	"	" " " ارشاد اللہ خاں صاحب بہادر	غلام شبیر بنام مسماۃ سکینہ وغیرہ	اپیل متفرق دیوانی ... در شرکت کنندہ ساہو	زیر پیشی
"	"	عالی مرتبت مسٹر جسٹس محمود شاہ خاں صاحب بہادر	مسماۃ چپادئی بنام منو	اپیل دیوانی ...	...
"	"	"	کنہیا لال بنام ... خاں	...	... پیش ہو
۱۶ " ۱۷ " ۱۸ "	چہارشنبہ پنجشنبہ جمعہ	تعطیل عید الفطر			

احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

معطلی

۱۳ ماہ دسمبر ۱۹۳۶ء

بنشتہ رپورٹ ناظم صاحب جنوبی دربارہ صدور حکم منظوری معطلی انوار حسین تحصیلدار سوار با قیدار ضلع کھاتہ کلاں تحصیل ملک بغرض کئے جانے کارروائی قانونی خلاف مسمیٰ مذکور

حکم

مسمی انوار حسین تحصیلدار علاقہ تحصیل سوار با قیدار ضلع کھاتہ کلاں تحصیل ملک کو حسب تحریر ناظم صاحب معطل کیا جاتا ہے۔ ایڈیشنل ناظم صاحب اسکے کام کا انتظام کرینگے صدر احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۰ ماہ دسمبر ۱۹۳۶ء

دو کاغذات بابت منظوری رخصت ہائے رعایتی مصطفیٰ حسین تحصیلدار سربراہ کار تحصیل سوار آج پیش ہوئے ایک میں من ابتدائے ۲۴ ماہ اکتوبر لغایۃ ۳۱ ماہ اکتوبر ۱۹۳۶ء ایک ہفتہ کی رخصت چاہی گئی ہے۔ اور دوسرے میں من ابتدائے یکم نومبر لغایۃ ۷ ماہ نومبر ۱۹۳۶ء رخصت ایک ہفتہ چاہی گئی ہے ہر دو رخصتوں کا استحقاق ہونا فائنانس ڈپارٹمنٹ نے ظاہر کیا ہے اور ایڈیشنل ناظم صاحب نے بھی دونوں رخصتوں کی منظوری کی سفارش کی ہے۔ اسلئے رخصت رعایتی پندرہ یوم مورخہ ۲۴ ماہ اکتوبر لغایۃ ۷ ماہ نومبر ۱۹۳۶ء منظور کیجاتی ہے احکام ضابطہ جاری کئے جائیں۔ تحصیلدار صاحب سوار کی رپورٹ مورخہ یکم نومبر ۱۹۳۶ء باستدعائے عطائے رخصت ۲۴ ماہ اکتوبر لغایۃ ۳۰ ماہ اکتوبر ۱۹۳۶ء

نقل ماسبق شمالی میں تقریباً ایکماہ کے بعد یعنی ۲۹ نومبر کو موصول ہوئی ہے ایڈیشنل ناظم صاحب اس تاخیر کی نسبت توجہ فرمائیں۔ ۱۰ ماہ دسمبر ۱۹۳۶ء

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

بخدمت شریف جناب ڈپٹی سکریٹری صاحب صدر

جناب من

نوٹیفکیشن منسلکہ ذیل بابت نرخ شکر یو۔ پی گورنمنٹ سے بغرض اشاعت موصول ہوا ہے براہ کرم اسکے نقول کا اجراء ہر سہ تحصیلات و ناظم صاحبان کو صدر سے فرما دیا جائے اور ایک نقل مطبع سرکاری کو بھی بغرض اندراج گزٹ روانہ فرمادیجائے مورخہ ۱۰ ماہ دسمبر ۱۹۳۶ء

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

۱۲ ماہ دسمبر ۱۹۳۶ء

نوٹیفکیشن

بموجب نوٹیفکیشن محکمہ صنعت و حرفت ممالک متحدہ آگرہ و اودھ مقام لکھنؤ مورخہ ۳ دسمبر ۱۹۳۶ء واسطے اطلاع ہر خاص و عام کے مشتہر کیا جاتا ہے کہ مطابق شرط قاعدہ نمبر ۲ قواعد شکر ریاست رامپور کم از کم قیمت شکر کی بو خلاف کے گڑ یا ڈوالی فیکٹریوں کے استعمال کے واسطے ادا کیجائیگی اوسط کا نرخ ماہ دسمبر ۱۹۳۶ء کے دوسرے پندرہ روز میں جاری ہونے والی فی من رہیگا یہ من ۸۲ پونڈ اوور پائر کا ہوتا ہے

۱۲ ماہ دسمبر ۱۹۳۶ء

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب فائنانس سکریٹری بہادر

متعلق رخصت

۱۲ دسمبر ۱۹۳۶ء

مسعودہ درخواست و نقشہ رخصت رعایتی ایک ہفتہ منشی ضیاء الکبیر صاحب اکاؤنٹنٹ سیکشن مشاہرہ دو تمیں روپیہ از ۱۶ لغایت ۲۲ نومبر ۱۹۳۶ء بغرض معالجہ خود و تیمارداری مسیان رگھبیر دیال و مہابیر پرشاد ملازمان اکاؤنٹ آفس مع رپورٹ سینیر سپرنٹنڈنٹ صاحب اکاؤنٹنٹ دفتر خزانہ سفارش منظوری رخصت مذکورہ حسب رپورٹ سینیر سپرنٹنڈنٹ صاحب آڈٹ شعبہ تصدیق استحقاق رخصت مطلوبہ رعایتی

حکم

رخصت رعایتی مطلوبہ ایک ہفتہ ۱۶ لغایت ۲۲ نومبر ۱۹۳۶ء منظور ہے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط فارغ صاحب فائنانس سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب سول جج بہادر ریاست رامپور

مثل ۶۸۳ منفصلہ ۲۰ نومبر ۱۹۳۶ء

مقدمہ حافظ بندہ و سائل بنام حافظ سلامت اللہ وغیرہ فریقثانیان

درخواست سائل منظور ہے سائل کو دیوالیہ قرار دیا جاتا ہے اور ایک سال کی مدت درخواست ڈسچارج کے لئے دیجاتی ہے اس مدت میں سائل ادائے دیون کی کوشش کرے المرقوم ۲۰ نومبر ۱۹۳۶ء

(دستخط صاحب سول جج بہادر)

حکم اجلاس ناظم صاحب جنوبی

مثبتہ رپورٹ تحصیلدار صاحب تحصیل ملک بدین خلاصہ کہ علی رضا خاں خلعدار کو بحکم ۱۵ نومبر ۱۹۳۶ء مشاہرات ملازمان سے صرف پانچ روپیہ ملتے ہیں اور اب ۲۰ اکتوبر ۱۹۳۶ء سے بجائے مدنگوپال علاقہ حسبلی پر کام کر رہے ہیں اس لئے ۲۰ اکتوبر ۱۹۳۶ء سے سابقہ پوری تنخواہ پچیس روپیہ درجہ دوم ملنی چاہئے

حکم

حسب رپورٹ تحصیلدار صاحب مورخہ ۳ دسمبر ۱۹۳۶ء صدر سے احکام جاری ہوں ۱۲ دسمبر ۱۹۳۶ء

(دستخط ناظم صاحب)